اپنے شہروں اور سندھ دھرتی پر طالبان کا کسی بھی قیمت پر قبضہ نہیں ہونے دیں گے۔ رابطہ کمیٹی
سندھ کی دھرتی مذہبی انتہا پسندوں کی نہیں بلکہ ہمیشہ امن پسندوں کی دھرتی رہے گی
شاندار اجتماع کے انعقاد پر نارتھ ناظم آباد ریزیڈینٹ کمیٹی کے تمام ذمہ داران وارکان کو زبردست خراج تحسین

کراچی۔۔۔17 نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نارتھ ناظم آباد میں گزشتہ روز شاندار اجتماع کے انعقاد پر نارتھ ناظم آباد ریزیڈینٹ کمیٹی کے تمام ذمہ داران وارکان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز ہونے والے اجتماع میں نوجوانوں، بزرگوں، ماؤں، بہنوں اور بچوں نے جس طرح اپنے بھرپور اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کیا ہے وہ قابل ستائش ہی نہیں بلکہ قابل تقلید بھی ہے اور یہ اتحاد ہی وقت کی اہم اور سب سے بڑی ضرورت ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کے موجودہ سیاسی ومعاشی حالات اور طالبانائزیشن کے بارے میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ نہ صرف حقائق پر مبنی ہیں بلکہ عوام کے دل کی آواز ہیں اور جولوگ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حقیقت پسندانہ خیالات پر واویلا مچارہے ہیں وہ حقائق کو جھٹلانے کی کوشش کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان اور حق پرست عوام کا یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ وہ اپنے شہروں اور سندھ دھرتی پر طالبان کا کسی بھی قیمت پر قبضہ نہیں ہونے دیں گے اور سندھ کی دھرتی مذہبی انتہا پسندوں کی نہیں بلکہ ہمیشہ امن پسندوں کی دھرتی رہے گی۔

لندن سے کراچی پہنچنے والے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، انیس احمد قائم خانی
اور قاسم علی رضا کی تحریک کے شہداء کی قبروں پر حاضری

کراچی۔۔۔17، نومبر 2008ء۔۔۔کئی سالوں بعد پیر کے روز لندن سے کراچی پہنچنے والے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، انیس احمد قائم خانی اور سید قاسم علی رضا نے ایئرپورٹ سے سیدھے عزیز آباد میں واقع شہداء قبرستان جاکر تحریک کے تمام شہیدوں اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید اور بھتیجے عارف حسین شہید کی قبروں پر حاضری دی۔انہوں نے شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادر چڑھائی شہداء کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔سلیم شہزاد، انیس احمد قائم خانی اور سید قاسم علی رضا نے پاپوشنگر کے قبرستان جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم اور والد نذیر حسین مرحوم کی قبروں پر بھی پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی پاکستان کے ارکان سید شعیب احمد بخاری، اشفاق منگی اور ایم کیوایم کی ایڈمن کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔

خیرپور کے قریب مسافر کوچز کے حادثے میں متعدد افراد ہلاک وزخمی ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔17، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے خیرپور کے قریب کراچی سے راولپنڈی جانیوالی مسافر کوچز کے خوفناک تصادم میں متعدد افراد کی ہلاکت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے حادثے میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونیوالے تمام افراد کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔رابطہ کمیٹی نے زخمیوں سے بھی دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

روبینہ بیگم، سید اشرف علی، فاطمہ بیگم اور جمیلہ بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 66-B کے کارکن وحق پرست کونسلر طفیل پرویز صدیقی کی اہلیہ روبینہ بیگم، ایم کیوایم گلشن معمار سیکٹر اسکیم 33 معمار یونٹ کمیٹی کے رکن شاہ رخ کے والد سید اشرف علی، ایم کیوایم سکھر زونل کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد طاہر بندھانی کے والدہ فاطمہ اور ایم کیوایم سکھر زون یوسی 7-A کے کارکن محمد اکبر کی والدہ جمیلہ خاتون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆